# نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

## 21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729    E.mail: mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

**وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی لاہور میں آل پاکستان فرٹیلائزرز ڈیلرز ایسوسی ایشن کے نمائندگان کے وفد سے ملاقات**

**حکومت ڈی اے پی کھاد کی قیمت اور سپلائی لائن کو بہتر بنانے کے لئے پُرعزم ہے۔صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی**

**23 ستمبر 2021:** حکومت بالخصوص گندم کی بوائی کے موقع پر ڈی اے پی کھاد کی قیمت اور سپلائی لائن کو بہتر بنانے کے لئے پرعزم ہے تاکہ کاشتکاروں کو بروقت زرعی مداخل کی دستیابی یقینی بنائی جاسکے۔موجودہ حکومت معیشت کے استحکام کے لئے کاروباری طبقے کو مراعات وسہولیات فراہم کررہی ہے جس کے نتیجے میں ہماری زرعی برآمدات میں اضافہ ہورہا ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے لاہور میں آل پاکستان فرٹیلائزرز ڈیلرز ایسوسی ایشن کے وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت پنجاب نے کہا کہ زرعی پیداواری اہداف کے حصول کے لئے معیاری زرعی مداخل بنیادی اہمیت کے حامل ہیں۔اس لئے حکومت معیاری زرعی کھادوں کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کر رہی ہے۔گزشتہ تین برس(21-2018) کے دوران وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان احمد بزدار کی خصوصی ہدایات پر زرعی ٹاسک فورس نے 40 کروڑ روپے کی جعلی زرعی ادویات وغیر معیاری کھادوں کو ضبط کرکے اس جرم میں ملوث افراد کے خلاف 2300 ایف آئی آرز کا اندراج عمل میں لایا گیا ہے۔صوبائی وزیر زراعت نے مزید بتایا کہ حکومت پنجاب غیر معیاری کھادوں کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی کے اصول پر عمل پیرا ہے اور اس کی بیخ کنی کیلئے تمام ممکنہ کاروائیاں عمل میں لائی جارہی ہیں۔صوبائی وزیر نے ملاقات کے دوران آل پاکستان فرٹیلائزر ڈیلرز ایسوسی ایشن کے نمائندگان کو غیر معیاری کھادوں کی بیخ میں اپنا خصوصی کردار ادا کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے ایسوسی ایشن کے نمائندگان کو صوبائی اور ضلعی سطح پر زرعی ٹاسک فورس میں نمائندگی اور ڈیلرز ٹریننگ پروگرام میں شامل کرنے میں اتفاق کیا۔اس موقع پر آل پاکستان فرٹیلائزر ڈیلرز ایسوسی ایشن کی جانب سے صوبائی وزیر کو کھادوں کی ترسیل، بڑھتی ہوئی قیمت،ٹیکس کی شرح میں اضافہ،غیر معیاری کھادوں کا مافیا،سبسڈی واؤچرز، لازمی ممبرشپ اور کھاد کے بھرے ہوئے کنٹینرز کی چوری کے واقعات جیسے مسائل سے آگاہ کیا۔صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے ملاقات میں آل پاکستان فرٹیلائزر ڈیلرز ایسوسی ایشن کے نمائندگان کے جائز مطالبات پورے کرنے کی یقین دہانی کرائی۔اس موقع پر آل پاکستان فرٹیلائزرز ڈیلرز ایسوسی ایشن نے صوبائی وزیر زراعت پنجاب کو یادگاری شیلڈ پیش کی۔اجلاس میں آل پاکستان فرٹیلائزر ڈیلرز ایسوسی ایشن چیئرمین خواجہ اظہر سنیئر وائس چیئرمین عبدالشکور وائس چیئرمین میاں افضل، چیف کوآرڈینیٹر محمود کے علاوہ دیگر نمائندگان کی شرکت

☆☆☆☆